RAMPUR GOV.T GAZETTE

گزٹ ریاست رامپور

بحکم کونسل ریاست رامپور

نمبر ۱۸ | مطبوعہ ۱۶ شوال ۱۳۱۱ھ روز دوشنبہ مطابق ۲۳ اپریل ۱۸۹۴ء | جلد ۶

فہرست مضامین

نمبر	نام مضمون	صفحہ
	روبکار حضور پرنور دام اقبالہم	
۱	تقرر پنڈت رگھبر دت بعہدہ کلارکی۔	۱
	احکام اجلاس کامل	
۲	تحصیلداران بلا تحریر فیصلے کے مہر حکم نہ لگایا کریں۔	۲
۳	پنشن احمد علیخان سپاہی رسالہ ضعیفان۔	۲
	حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	
۴	[illegible]	۲ و ۳
	روبکارات صاحب سکرٹری بہادر	
۵	[illegible] صاحب اسسٹنٹ ریزیڈنٹ بہادر۔	۳
۶	تعین [illegible] کونسل۔	۳
۷،۴	تعیناتیاں و [illegible]	[illegible]

روبکار اجلاس ہز ہائنس نواب صاحب بہادر دام اقبالہم پریزیڈنٹ ریاست رامپور واقع ۱۴ اپریل ۱۸۹۴ء

چونکہ پرائیویٹ سکرٹری کے ماتحت ایک انگریزی دان کلارک کی ضرورت ہے۔ لہٰذا

حکم ہوا کہ

پنڈت رگھبر دت [illegible] مبلغ چالیس روپیہ ماہوار [illegible] مقرر کیا جاوے نامبردہ کو [illegible] خاص سے تنخواہ ملیگی۔

حکم اجلاس کامل واقع ۳ اپریل ۱۸۹۴ء
بمقدمہ

عرضی نیاز محمد وکلن و بہادر وغیرہ اثامیان موضع بڑا گانو پرگنہ شاہ آباد بدرخواست عطای نقل فیصلہ بمقدمہ سیع علیخان مستاجر موضع مذکور موسومہ خود بادعوی اضافہ لگان

اس مثل پر غور کیا گیا جو تجویز تحصیلدار شاہ آباد نے کی ہے اوسکو اب اوسی حالت پر چھوڑ دینا مناسب ہے یعنی جو فیصلہ تحصیلدار کا ہے وہ نافذ ہے بشرطیکہ اپیل سے مسترد نہ ہو جاوے ہر فریق کو اپیل کرنیکا حق حاصل ہے مگر تحصیلدار شاہ آباد کو برائے آیندہ تنبیہ کیجاوے کہ بلا تحریر فیصلہ کے وہ ہرگز حکم نہ سنایا کریں اور نیز دیگر تحصیلداران کو مطلع کیا جاوے کہ وہ بھی اس بابت سخت احتیاط رکھیں اور یہ حکم درج گزٹ ہو اور اثامیان کو تحصیلدار کی فیصلہ کی نقل باضابطہ فوراً دیجاوے مثل باجلاس صاحب ریونیو ممبر بہادر مرسل ہو۔

حکم انچارج صاحب ریونیو ممبر بہادر

بغرض تعمیل و اجرائے احکام پاس سررشتہ دار صدر مرسل ہو۔

۱۱ اپریل ۱۸۹۴ء

حکم اجلاس کامل واقع ۱۱ اپریل ۱۸۹۴ء

آج یہ مثل کونسل میں پیش ہوئی بالاتفاق تجویز ہوا کہ دو ہی روپیہ ماہیانہ پنشن احمد علیخان سپاہی رسالہ ضعیفان یوم علیحدگی سے منظور ہے۔ مثل بنابر اجرائے احکام باجلاس صاحب ممبر مال بہادر مرسل ہو۔

دستخط حضور پرنور	دستخط صاحب وائس پریسیڈنٹ بہادر	دستخط صاحب ممبر مال بہادر
دستخط صاحب جوڈیشل ممبر بہادر	دستخط صاحب سکرٹری بہادر	

حکم صاحب ریونیو ممبر بہادر

موافق اس تجویز کے احکام جاری ہوں بخشی فوج اور اہل پنشنداران کو اطلاع دیجاوے۔ ۱۸ اپریل ۱۸۹۴ء

حکم صاحب جوڈیشل ممبر بہادر واقع ۷ اپریل ۱۸۹۴ء
مثبتہ یادداشت صاحب سشن جج بہادر

ایک نقل درج گزٹ کیجاوے حکام عدالتہائے فوجداری آیندہ اسی موافق کاربند ہوں۔

حکم صاحب سشن جج بہادر واقع ۱۱ اپریل ۱۸۹۴ء
مثبتہ یادداشت جیلر

نسبت دفعہ اول و دوم دفعہ کے میری رای متفق ہے ایسا ہی ہونا چاہیے۔ نسبت دفعہ ۳ میری رای میں عموماً اسکی تعمیل متعذر ہے البتہ جہانتک ممکن ہو اندر پندرہ یوم پیشی مقرر کی جانی چاہیے۔

بغرض اندراج گزٹ باجلاس صاحب جوڈیشل ممبر بہادر پیش ہو

رپورٹ جیلر باجلاس صاحب سشن جج بہادر

خداوند نعمت دام حشمتکم

۱۔ بعض بعض عدالتون مین وارنٹ حوالات صادر ہوتے ہین اون مین ایک وارنٹ حوالات ہوتا ہے اور حوالاتی دو تین اور چار پانچ ہوتے ہین حالانکہ ہر ایک حوالاتی کا وارنٹ علحدہ علحدہ ہونا چاہیے

۲۔ دوسرے حوالاتی وارنٹ حوالات پر اجلاس جسکے اجلاس پر مقدمہ ہے درج نہین ہے اور دستخط صاف معلوم نہین ہوتے ہین لہذا اگر نام حاکم رو وارنٹ حوالات پر صاف درج کیا جاوے تو فوراً معلوم ہو جاوے۔

۳۔ تیسرے پیشی حوالاتیان کی پندرہ روز سے زائد عرصہ کی سوای عدالت العالیہ صاحب سشن جج بہادر اور عدالتون سے نہونا چاہیے اگر کوئی وجہ ہو تو پیشی اندر پندرہ یوم مقرر کیجاوے اور بعد اوسکے پھر تاریخ پیشی تبدیل کر دیجاوے اگر یہ رپورٹ کمترین مناسب رائے حضور عالی ہو تو مندرج گزٹ کیجاوے اور اطلاع اسکی ہر ایک عدالتون کو دیجاوے۔ واجب تھا عرض کیا۔ ۵ اپریل ۱۸۹۶ء

روبکار اجلاس صاحبزادہ محمد عبد الحمید خانصاحب بہادر سکرٹری واقع ۱۶ اپریل ۱۸۹۶ء

حکم کونسل مورخہ ۹ اپریل ۱۸۹۶ء مین جو تغیر تبدیل صیغہ جات درج کی گئی ہے اوسمین تصریح اس امر کی فروگذاشت ہوئی ہے کہ صیغہ جیلخانہ جو صیغہ صاحب جوڈیشل ممبر بہادر مین درج شیڈول الف منسلکہ منٹ لوکل گورنمنٹ مورخہ ۲ جنوری ۱۸۹۶ء تھا وہ برضامندی باہمی ممبران کونسل صیغہ مذکور سے صیغہ جات صاحب اسسٹنٹ پریزیڈنٹ بہادر منتقل ہوا دیگر صیغہ جات متعلقہ کی تو تصریح حکم مذکور مین ہو چکی ہے الا تصریح صیغہ مذکور حکم موصوف مین تحریر ہونے سے رہگئی جو کہ اب بذریعہ روبکار ہذا تصریح کی گئی

لہذا حکم ہوا کہ

روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل اسکی بخدمت ممبر صاحبان کونسل مرسل ہو۔

روبکار اجلاس صاحبزادہ محمد عبد المجید خانصاحب بہادر سکرٹری واقع ۱۷ اپریل ۱۸۹۶ء

زمانہ صاحب پریسیڈنٹ بہادر سابق سے یوم دوشنبہ بنا بر پیشی اشتمال کونسل مقرر تھا اب بھی حسب الارشاد حضور پرنور دام اقبالہم وہی یوم دوشنبہ واسطے پیشی اشتمال کونسل مقرر رہا لہذا۔

حکم ہوا کہ

روبکار ہذا درج گزٹ ہو اور ایک ایک نقل اسکی بخدمت ممبر صاحبان کونسل مرسل ہو۔